نظامِ عدالت سے متعلق ہے جس میں عدالت کی تعریف۔ اس کے اجزاء اور عناصر۔ اسلامی عدلیہ کے مختلف ادوار۔ اس سلسلہ میں تاریخ اسلام کے چیدہ چیدہ اور مفید و دلچسپ اور مشہور فقہاء و مقننینِ اسلام کے سبق آموز حالات لکھے گئے ہیں۔ زبان شگفتہ اور عام فہم ہے۔ امید ہے کہ اہلِ علم اور اربابِ ذوق اس کی قدر کریں گے اور فاضل مصنف کی محنت و کاوش کی داد دیں گے۔

فلسفۂ ایمان | از مولانا سید سلیمان صاحب ندوی تقطیع خورد ضخامت ۴۸ صفحات کتابت و طباعت متوسط۔ قیمت ۹ر پتہ:۔ ادارہ دعوت الحق بیگم بازار کوچہ گھانسمنڈی حیدرآباد دکن۔

یہ ایک فاضلانہ مقالہ ہے جس میں ایمان کی حقیقت۔ عمل اور کردار سے اس کا تعلق۔ اس کے مختلف اجزا اور عناصر۔ اسلامی نظام کی اساس اور بنیاد۔ مومن و کافر کے امتیازات۔ خیر و شر کی پہچان عہدِ حاضر کے مختلف عقیدوں کی ناکامی وغیرہ ان مسائل پر بصیرت افروز اور ایمان پرور انداز بیان سے روشنی ڈالی گئی ہے۔ یہ مقالہ اس لائق ہے کہ وقت کی مروجہ زبانوں میں ترجمہ کرا کر اس کو زیادہ سے زیادہ شائع کیا جائے۔ البتہ اس ایک مختصر مقالہ پر دیباچہ اور مقدمہ کا بار بہت زیادہ ہے، ان کی چنداں کوئی ضرورت نہ تھی۔

رسولِ خدا | از مولوی ابوالحسن صاحب صدیقی غازی پوری تقطیع خورد ضخامت ۷۱ صفحات۔ کتابت جلی۔ قیمت ۸ر پتہ:۔ مکتبۂ دینیہ غازی پور۔

یہ کتاب بچوں کے لئے لکھی گئی ہے، جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ مبارکہ کے چیدہ چیدہ واقعات و حالات اور آپ کے اخلاق و عادات عام فہم اور سلیس و آسان زبان میں قلمبند کئے گئے ہیں۔ واقعات سب کے سب مستند ہیں اور ہر سبق کے آخر میں بہ طور نتیجہ کے بچوں کے لئے اس کا خلاصہ بھی بیان کر دیا گیا ہے۔ یہ کتاب اس لائق ہے کہ بچوں کے نصاب تعلیم میں شامل کی جائے۔

حسنؓ حسینؓ | از مولوی فضل الرحمٰن صاحب استاذ جامعہ ملیہ دہلی تقطیع خورد ضخامت ۴۴ صفحات کتابت و طباعت اور کاغذ بہتر۔ قیمت ۷ر پتہ:۔ حالی پبلشنگ ہاؤس دہلی

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس کتاب میں حضرت امام حسنؓ اور امام حسینؓ رضی اللہ عنہما کے مستند حالات عام فہم اور آسان زبان میں لکھے گئے ہیں۔ کتاب اگرچہ بچوں کے لئے لکھی گئی ہے لیکن عام مسلمان مرد اور عورتیں بھی اس سے فائدہ اٹھا کر کاشانۂ نبوت کے ان دو گوہرانِ شب چراغ کے صحیح حالات و واقعات معلوم کر سکتے ہیں۔

اسلام کا اقتصادی نظام

تیسرا ایڈیشن

"ندوۃ المصنفین کی اس اہم، مفید، اور مقبول ترین کتاب کا یہ تیسرا ایڈیشن غیر معمولی اضافوں کے بعد وجود میں آیا ہے۔

۲۰×۲۶/۲۱ سطر مسطر کے باوجود کتاب کا حجم ۴۰۴ صفحات تک پھیل گیا ہے۔ اس دفعہ خصوصیت کے ساتھ اسلامی معاشیات کے مفکرینِ خاص حافظ ابنِ حزم اندلسیؒ، امام غزالیؒ، امام رازیؒ حافظ ابنِ قیمؒ اور حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ کے ان نظریوں کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے جو ان حضرات نے قرآن و سنت کی روشنی میں خالص معاشی اور اقتصادی نقطۂ نظر سے پیش فرمائے ہیں۔ اسی کے ساتھ موجودہ سرمایہ دارانہ معاشی نظام کی راس واساس مسئلہ سود پر بھی سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ حک و فک، حذف و اضافہ اور بہت سی دیگر خصوصیتوں کی وجہ سے اس کتاب کی حیثیت ایک جدید تالیف کی ہو گئی ہے۔ اسی لئے اسے مطبوعاتِ ندوۃ المصنفین ۱۹۴۵ء کے سلسلہ میں رکھا گیا ہے۔ قیمت غیر مجلد للعہ مجلد صہ

مکتبہ برہان دہلی قرول باغ